Shalamar
Medical & Dental College

THE OFFICAL PUBLICATION OF

*SHALAMAR MEDICAL AND DENTAL COLLEGE*

# AXON

## SAPERE AUDE • DARE TO KNOW




# CALL FOR SUBMISSIONS

# دعوتِ ارسالِ تحریرات

**SUBMISSIONS DEADLINE**
12TH AUGUST, 2026

**SEND YOUR SUBMISSIONS TO**
MAGAZINESUBMISSONSAXON@GMAIL.COM

# سنو — ایک گزارش

ہم سب عجیب ہیں۔

کچھ لوگ ہر لیکچر کے نوٹس سنبھال کر رکھتے ہیں، کچھ صرف امتحان سے ایک رات پہلے کتاب ڈھونڈتے ہیں۔
کسی کو اپنا پہلا وارڈ کبھی نہیں بھولتا، کسی کو اپنے استاد کا ایک جملہ۔
کوئی لاہور کی گلیوں میں اپنی کہانی ڈھونڈتا ہے، تو کوئی مریض کی مسکراہٹ میں۔

اور شاید آپ بھی ان میں سے ایک ہیں۔

اگر کبھی کوئی خیال دل میں ٹھہرا ہو، کوئی تجربہ آپ کو بدل گیا ہو، کوئی یاد آج بھی مسکرا دیتی ہو، یا کوئی کہانی ایسی ہو جو دوسروں تک پہنچنی چاہیے... تو شاید اب اسے لکھنے کا وقت ہے۔

AXON Legacy Edition صرف مضامین نہیں، بلکہ ایسی تحاریر تلاش کر رہا ہے جو وقت گزرنے کے بعد بھی اپنی اہمیت برقرار رکھیں۔
ہو سکتا ہے، اگلا صفحہ آپ کے لیے ہی ہو۔

"بول کہ لب آزاد ہیں تیرے
بول، زباں اب تک تیری ہے"

# CATEGORIES

## بسم اللہ | 1

ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

اللہ تعالیٰ کی حمد، حضور اکرم ﷺ کی نعت، اور اسلامی موضوعات پر لکھی گئی معیاری نظمیں اور مضامین۔

درکار :

ایک نظم (حمد یا نعت) اور ایک مضمون

حدِ الفاظ:

- نظم: زیادہ سے زیادہ 5 اشعار
  مضمون: زیادہ سے زیادہ 1000 الفاظ

## نقشِ خیال | 2

ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

دل و دماغ میں اُبھرنے والے خیالات، مشاہدات اور زندگی، طب یا انسانیت پر مبنی فکری تحریریں ہمارے ساتھ شیئر کریں۔

درکار:

ایک Reflection یا ایک فکری مضمون

حدِ الفاظ:

- مضمون: 800–1500 الفاظ

## میراث | 3

ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

،ہم ایسی تحریریں تلاش کر رہے ہیں جو شالامار میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کی تاریخ، اس کی روایات، یادگار لمحات، اساتذہ طلبہ، سابق طلبہ اور اس ادارے سے جڑی اُن کہانیوں کو محفوظ کریں جنھوں نے شالامار کی شناخت کو تشکیل دیا ہے۔

درکار:

مضمون

حدِ الفاظ:

800–1500 الفاظ

## طب و تاریخ | 4

ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

ہم ایسی تحریریں تلاش کر رہے ہیں جو لاہور کے تاریخی طبی اداروں، طب کی ارتقائی تاریخ، نامور معالجین اور اُن شخصیات یا واقعات کو اجاگر کریں جنھوں نے شہر کے طبی منظرنامے کو تشکیل دیا۔ اگر آپ میو ہسپتال، سر گنگا رام ہسپتال، لاہور جنرل ہسپتال یا کسی اور تاریخی طبی ادارے پر تحقیق یا معلوماتی مضمون لکھنا چاہتے ہیں، تو ہم آپ کی تحریر کا خیر مقدم کریں گے۔

درکار:

مضمون

حدِ الفاظ:

800–1500 الفاظ

## نقشِ قدم | 5

### ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

کسی ایسے استاد، معالج، رہنما، سینئر یا سابق طالب علم کی شخصیت، خدمات یا سفر پر مبنی ایک مضمون، پروفائل یا انٹرویو جس نے دوسروں کے لیے مثال قائم کی اور اپنی محنت، کردار یا رہنمائی سے ایک دیرپا نقش چھوڑا۔

درکار:
ایک مضمون، پروفائل یا انٹرویو :

حدِ الفاظ:
600–1200 الفاظ

## حکایاتِ شفا | 6

### ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

ایسے ذاتی یا کلینیکل تجربات جو آپ کی سوچ بدل گئے، کسی مریض سے سیکھا گیا سبق، یا طب کے انسانی پہلو کو اجاگر کرنے والی ایسی کہانیاں جو دوسروں کے لیے بھی باعثِ فکر یا باعثِ امید بن سکیں۔ (مریض کی شناخت مکمل طور پر مخفی رکھی جائے۔)

درکار:
Clinical Reflection یا Narrative Essay

حدِ الفاظ:
افسانہ : 800–1500 الفاظ

## علم و تحقیق | 7

### ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

طبی تحقیق، یا طب میں جدت سے متعلق ایسی علمی کاوشیں جو تحقیق کے اعلیٰ معیار پر پورا اترتی ہوں۔

درکار:
Original Research، Review Article، Case Report یا Commentary

حدِ الفاظ:
1000–2500 الفاظ

## دو لاہور | 8

### ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

لاہور کی تاریخ، ثقافت، گلیوں، عمارتوں، لوگوں، بدلتے ہوئے رنگوں اور اس شہر کی روح کو بیان کرنے والے مضامین، سفرنامے، تصویری مضامین یا فوٹوگرافی جو لاہور کو ایک منفرد زاویے سے پیش کریں۔

درکار:
ایک مضمون، سفرنامہ، Photo Essay یا فوٹوگرافی

حدِ الفاظ:
800–1500 الفاظ

## پسِ پردہ | 9

ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

میڈیکل زندگی کے اُن کرداروں، جگہوں اور لمحوں کو سامنے لانے والی تحریریں یا تصویری کہانیاں جو اکثر نظروں سے اوجھل رہتی ہیں، مگر اسی دنیا کا لازمی حصہ ہیں؛ خواہ وہ لیبارٹری ہو، لائبریری، ہاسٹل، معاون عملہ یا کیمپس کی کوئی ان کہی داستان۔

درکار:
ایک Feature Article یا Photo Story

حدِ الفاظ:
600–1200 الفاظ

## لفظوں کا علاج | 10

ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

شاعری، افسانے، مختصر کہانیاں اور دیگر ادبی تخلیقات جو زبان کی خوبصورتی، احساسات کی گہرائی اور تخیل کی وسعت کو پیش کریں۔

درکار:
ایک نظم، غزل، افسانہ یا ادبی نثر

حدِ الفاظ:
800–1500 الفاظ

## طنز و مزاح | 11

ہم کیا ڈھونڈ رہے ہیں؟

میڈیکل کالج کی زندگی کے دلچسپ، مزاحیہ اور یادگار لمحات کو تحریر، کارٹون، مزاحیہ خاکے یا مختصر طنزیہ انداز میں پیش کریں تاکہ مسکراہٹ بھی اس میراث کا حصہ بن سکے۔

درکار:
ایک مزاحیہ تحریر، کارٹون یا Comic Strip

حدِ الفاظ:
300–800 الفاظ

# SUBMISSION GUIDELINES

## THIS SUBMISSION CALL IS FOR THE URDU SECTION OF AXON.

- **Submissions must be original and unpublished work.**
- **Submit your work in .docx format.**
- **Images, illustrations, and artwork must be original or properly credited.**
- **Include your full name, year, and section with your submission.**
- **Submissions should align with the selected AXON theme and category.**

**SUBMISSIONS DEADLINE**

**12TH AUGUST, 2026**

**SUBMIT TO**

**magazinesubmissionsaxon@gmail.com**

# THE EDITORIAL BOARD


| | |
|---|---|
| Muhammad Muqeet Ur Rehman | EDITOR URDU WING |
| Manal Mansoor | SUB-EDITOR URDU WING |


# CONNECT WITH US

**Website:** axon.smdc.edu.pk
**Instagram:** @smdc.axon.official
**Facebook:** AXON - Shalamar's Official Magazine

